# 5500 ـ اگرکافر والد مال کا مطالبہ کرے توبیٹا کیا کرے

**سوال**

( میں کچھ عرصہ قبل مسلمان ہوا ہوں ) بعد میں میں نے اپنے اوروالد کے مابین مالی تعلقات کے بارہ میں سوچ وبچار کرنا شروع کیا ہے توکیا جب میرا والد مجھ سے مال کا مطالبہ کرے تومجھے دینا چاہیے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ہم نے مندرجہ ذیل سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا ؟

میں ایک نیا مسلمان ہوں اپنے اوروالد کےدرمیان مالی تعلقات کا سوچتا ہوں کہ کیا مجھے اس حدیث ( تواورتیرا مال تیرے والد کا ہے ) کے تحت اپنا مال والد کودینا چاہیئے یا نہیں ؟

توشیخ رحمہ اللہ تعالی کا جواب کچھ اس طرح تھا :

یہ مال خرچہ ہے یا کچھ اور؟

سائل کہتا ہے کہ وہ صرف خرچہ ہی نہیں بلکہ مختلف اشیاء کا مطالبہ کرتا ہے جوخرچہ سے زائد ہے

جواب : جوخرچ سے زائد ہو وہ دینا لازم نہیں ۔

تواس طرح بیٹے پر خرچہ کے علاوہ کچھ بھی واجب نہیں لیکن اگر صدقہ ہوتواس میں کوئی اشکال والی بات نہیں ۔

واللہ تعالی اعلم ۔ .